# جنت کے خزانے

1 حدیث: جوشخص لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھے گا اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی اور جوشخص سو بار پڑھے گا اس کے لیے چوبیس ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔

2۔ حدیث: اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ جب وضو کر چکے تو آسمان کی طرف منہ اٹھا کر یہ کلمہ پڑھے اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جائیں گے۔ چاہے وہ جس دروازے سے جنت میں داخل ہو جائے۔

3۔ حدیث: 100 بار سُبْحَانَ اللّٰہ پڑھا کر واس کا ثواب سو عرب غلام آزاد کرنا ہے۔ 100 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کا ثواب سو گھوڑے مع سامان جہاد کے لیے دیئے۔ 100 بار اَللّٰہُ اَکْبَر پڑھنا 100 اونٹ قربانی میں دیئے اور وہ قبول ہو گئے 100 بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھے اس کا ثواب زمین و آسمان کو بھر دینا ہے۔

4۔ حدیث: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِی وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْر وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیٍّ قَدِیْر جوشخص یہ کلمہ بازار میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے دس لاکھ گناہ معاف کر دیں گے دس لاکھ درجات بلند کریں گے اور اس کے جنت میں گھر بنا دیں گے۔

5۔ حدیث: ایک شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا ہائے میرے گناہ ہائے ہائے میرے گناہ اس نے یہ دو تین بار کہا آپ ﷺ نے اس کو ہدایت فرمائی کہ تم یہ کہو اَللّٰھُمَّ مَغْفِرَتُکَ اَوْسَعَ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُکَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ اس شخص نے یہ الفاظ کہہ لیے آپ ﷺ نے فرمایا پھر کہو اس نے پھر کہے آپ ﷺ نے فرمایا پھر کہو اس نے پھر کہے پھر آپ ﷺ نے فرمایا اٹھو اللہ تعالیٰ نے تمہاری مغفرت فرما دی ہے۔

6۔ حدیث: حضور ﷺ نے فرمایا جوشخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھتا ہو اسے جنت میں جانے سے صرف موت روکے ہوئے ہے۔

7۔ جوشخص (ایک بار یہ کلمات) کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے 20 لاکھ نیکیاں لکھیں گے۔

8۔ حدیث شریف: جوشخص (ایک بار) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس (کے جسم) کا ایک چوتھائی (حصہ) دوزخ سے بری کر دیتا ہے اور اگر دوبارہ کہے تو اس (کے جسم) کا آدھا حصہ جہنم سے آزاد کر دیتے ہیں اور اگر 4 بار یہ کلمہ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کو (مکمل طور پر) دوزخ سے بری کر دیتے ہیں۔

9۔ حدیث: حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم۔ جوشخص یہ آیت صبح و شام 7 بار پڑھ لے تو اس کے بہت بڑے بڑے کام اللہ تعالیٰ اپنے ذمہ لے لیتے ہیں اور وہ آسانی سے پورے ہو جاتے ہیں خواہ وہ لاپرواہی سے ہی پڑھ لے۔

10۔ حدیث شریف: روئے زمین پر جوشخص بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ (ایک مرتبہ) کہے تو اس کے سارے گناہ مٹا دیے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

11۔ حدیث: جب صحابہ کرامؓ نے اس آیت کو ایک مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو دونوں جہانوں کی نعمت سے نوازا۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل۔

12۔ حدیث: جوشخص صبح و شام 3 بار یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو اتنا انعام دیں گے وہ راضی ہو جائے گا۔ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا ﷺ

13۔ حدیث: جوشخص صبح و شام سات بار یہ دعا پڑھے اللہ اس کو جہنم سے بری کر دیں گے۔ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

14۔ حدیث: ج شخص صبح و شام تین بار یہ کلمات پڑھے تو جن و انسان سے حفاظت ہوتی ہے۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

16۔ حدیث شریف: 4 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنے سے ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ثواب ہے۔

17۔ حدیث شریف: 4 بار سورۃ القدر پڑھنے کا ثواب ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

18۔ حدیث شریف: 4 بار سورۃ النصر پڑھنے کا ثواب ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

19۔ حدیث شریف: 4 بار سورۃ الکفرون پڑھنے کا ثواب ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

20۔ حدیث شریف: 2 بار سورۃ الزلزال پڑھنے کا ثواب ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

21۔ حدیث شریف: 2 بار سورۃ العٰدیٰت پڑھنے کا ثواب ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

22۔ حدیث شریف: 3 بار سورۃ الاخلاص پڑھنے کا ثواب ایک بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

23۔ حدیث شریف: 1 بار سورۃ یٰسین پڑھنے کا ثواب دس بار قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

24۔ حدیث شریف: جوشخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے 80 دفعہ یہ درود پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا۔ تو اس کے اسی سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور 80 سال کی عبادت کا ثواب اس کے لیے لکھ دیا جاتا ہے۔

25۔ حدیث شریف: جو شخص اس طرح کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ الْيَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

26۔ حدیث شریف: جو شخص یہ دعا کرے جَزَی اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا هُوَ اَهْلُهٗ۔ تو اس کا ثواب ستر فرشتوں کو 1000 دن مشقت میں ڈالے گا۔

27۔ جس شخص کو منظور ہو کہ اس کا مال بڑھ جائے وہ یوں کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

28۔ حدیث شریف: جو شخص ہر نماز کے بعد 33 بار سبحان الله 33 بار الحمد لله، 34 بار اَللّٰهُ اَكْبَر ایک بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَئٍ قَدِيْر۔ پڑھے گا اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اگر چہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

29۔ حضور ﷺ سے کسی نے مختصر وظیفہ کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا 10 بار الله اکبر کہا کرو۔ اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ یہ میرے لیے ہے پھر 10 بار سبحان الله کہا کرو، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ بھی میرے لیے ہے۔ پھر 10 بار اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی کہا کرو۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہاں میں نے تجھے بخش دیا تیری مغفرت کر دی۔

30۔ حدیث شریف: جو شخص ایمان والوں اور ایمان والیوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے گا اس کے لیے ہر مومن مرد اور عورت سے حساب سے ایک نیکی لکھی جائے گی۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِی وَالْوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ (یا) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

31۔ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اوپر والی دعا 27 بار پڑھے گا یا دعائے مغفرت کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں میں ہو جائے گا۔ جن کی دعائیں ہوتی ہیں اور جن کی برکت سے دنیا والوں کو رزق ملتا ہے۔

33۔ جو شخص اپنے گھر داخل ہوتے وقت سلام کرے اور سورۃ اخلاص پڑھے گا اور درود پاک پڑھے گا اس سے تنگدستی دور ہو جائے گی اور فروانی اور خوشحالی آجائے گی۔ یہاں تک کہ پڑوسی بھی اس سے مستفید ہوں۔

34۔ حدیث شریف: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ حضور ﷺ کی مجلس میں ایک صحابیؓ نے یہ کلمات پڑھے اور آپ ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے میں نے 30 سے زائد فرشتوں کو دیکھا کہ تمہارے لیے ان کلمات کو اللہ تعالیٰ کے دربار میں پیش کرنے کے لیے جھپٹ رہے تھے۔

35۔ حدیث شریف: آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص بستر پر جاتے وقت یہ دعا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ تین بار پڑھ لے اس کے گناہ خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں معاف ہو جائیں گے۔

36۔ حدیث شریف: جو بندہ صبح و شام 3، 3 مرتبہ آخری تین سورتیں پڑھے گا اللہ تعالیٰ زمینوں، آسمانوں، انسانوں اور جنات کے شرور سے نجات عطا فرمائیں گے۔

37۔ حدیث شریف: صبح و شام اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاۗءٍ وَّدَوَاۗءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ہر درد اور بیماری کے لیے اول و آخر درود شریف تین دفعہ درمیان میں سورۃ فاتحہ اور یہ درود شریف پڑھیں۔

38۔ حدیث شریف: جو بندہ روزانہ چالیس مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ پڑھے گا اس کو ہر بیماری سے نجات ملے گی اور اگر مر گیا تو شہید ہو گا۔ اگر صحت یاب ہو گیا تو تمام گناہ معاف ہو جائیں گے۔

39۔ حدیث شریف: روزانہ صبح 19 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنے سے جہنم کے 19 عذاب دینے والے فرشتوں سے چوبیس گھنٹوں یعنی ایک دن رات کے لیے نجات دے دی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ اسی طرح دوسرے دن دوبارہ پڑھے۔

40۔ حدیث شریف: جو بندہ صبح گھر سے نکلتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھے گا۔ (۱) اس کی کفایت کی جائے گی۔ (۲) شیطان سے دوری ہو گی۔ (۳) اس کی حفاظت ہو گی۔ (۴) اس کو ہدایت دی جائے گی۔

41۔ حدیث شریف: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ 3 مرتبہ صبح و شام پڑھنے سے جہنم سے حفاظت۔

42۔ حدیث شریف: نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا تو اس کے لیے 99 بیماریوں کا علاج ہے جس میں سب سے ہلکی بیماری فکرمندی ہے۔

43۔ حدیث شریف: سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس ادائیگی قرض اور پریشانی سے نجات کے لیے صبح و شام تین تین بار پڑھیں۔

44۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ دو کلمے ایسے ہیں کہ زبان پر بہت ہلکے اور ترازو میں بہت وزنی ہیں اور اللہ کے نزدیک بہت محبوب ہیں۔
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔